© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ مجلس احرار اسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ کے قدیم کارکن حافظ عبدالواحد کی اہلیہ، میاں عبدالباسط ایڈووکیٹ کی والدہ 6 ستمبر 2017ء کو انتقال کر گئیں۔ مرکزی ناظم اعلیٰ جناب عبداللطیف خالد چیمہ 7 ستمبر کو تعزیت کے لیے ان کے گھر تشریف لے گئے ان کے ہمراہ حافظ محمد اسماعیل اور قاری عبدالرحمٰن تھے۔

★ والد مرحوم جناب طارق مدنی کراچی، انتقال: یکم ستمبر 2017ء

★ اسلام آباد میں ہمارے معاون جناب مسعود اشفاق کی والدہ ماجدہ 11۔ستمبر، پیر کو ساہیوال میں انتقال کر گئیں۔ عبداللطیف خالد چیمہ، چودھری محمد اشرف، سردار محمد نسیم ڈوگر اور دیگر احباب نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

★ محمد سعید و محمد نعیم گلاسگو کی والدہ ماجدہ 5 ستمبر منگل کو گلاسگو میں انتقال کر گئیں۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے مرحومہ کے فرزندان سے فون پر تعزیت کا اظہار کیا۔

★ مجلس احرار اسلام (چک 14/P) خان پور کے امیر چودھری عبدالجبار مرحوم، انتقال: 19 ستمبر 2017ء، چودھری عبدالجبار مرحوم مجلس احرار اسلام کے وفادار کارکن تھے۔ خانوادۂ امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ سے بہت محبت کرتے تھے خصوصاً امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم سے گہری عقیدت تھی۔ انتقال چند گھنٹے قبل بھی فون کر کے اپنی علالت کا حال بتایا اور حضرت پیر جی کی خیریت دریافت کر کے انھیں سلام عرض کرنے کا پیغام دیا۔ حق تعالیٰ مغفرت فرمائے۔

★ تحریک طلباء اسلام کے بانی رہنما افتخار علی پوسوال (چیچہ وطنی) کی بڑی ہمشیرہ صاحبہ، چودھری محمد سرور کی اہلیہ محترمہ اور تیمور الاسلام کی والدہ ماجدہ 17۔اگست بدھ کو انتقال کر گئیں۔ ان کی نماز جنازہ 253 ای بی طفیل آباد بورے والا میں ادا کی گئی۔

★ والدہ مرحومہ مولوی عبدالرحمٰن جامی/ معاویہ طارق بستی مولویان، رحیم یار خان۔

★ اہلیہ مرحومہ مولانا بشیر احمد شاد چشتیاں ★ شیخ عاطف جیلانی مرحوم (تلہ گنگ) انتقال: 14 اگست 2017ء

★ مجلس احرار اسلام مرکزی ناظم نشر اشاعت ڈاکٹر عمر فاروق کے ماموں محمد سلیم مرحوم (لاہور)، انتقال: 2 ستمبر 2017ء، اور آپ کی چچی صاحبہ، انتقال: 2 ستمبر 2017ء (تلہ گنگ)

★ مسلم لیگ (ن) کے رہنما حافظ میاں محمد نعمان (مہتمم جامعہ فتحیہ لاہور) کی والدہ ماجدہ اور مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم میاں محمد اویس کی ممانی صاحبہ مرحومہ، انتقال: 27 ستمبر 2017ء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



★ مجلس احرار اسلام میراں پور میلسی کے مخلص کارکن ممتاز نعت خواں حافظ محمد اکرم کے بہنوئی اور مجلس احرارِ اسلام ملتان کے امیر مولانا محمد اکمل کے پھوپھا دُر محمد مرحوم، انتقال: 26 ستمبر 2017ء

★ مجلس احرار اسلام چنیوٹ کے قدیم و مخلص کارکن محمد صفدر کا جواں سال پوتا عبدالرحمٰن مرحوم

★ ملتان میں ہمارے کرم فرما محمد جاوید شیخ کے سسر اور شیخ محمد صفدر کے والد ماجد جناب شیخ محمد حفیظ مرحوم، انتقال: 8 ستمبر 2017ء

★ مولانا نور حسین عبداللہ رحمتہ اللہ علیہ، ٹیکسلا، انتقال: 15 ستمبر 2017ء

★ جناب محمد رفیق قریشی مرحوم / والد علی مروان قریشی، انتقال: 16 ستمبر 2017ء

★ جناب سید خورشید عباس گردیزی رحمتہ اللہ علیہ مرحوم، انتقال: 16 ستمبر 2017ء۔ سید خورشید عباس گردیزی رحمتہ اللہ علیہ جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمتہ اللہ علیہ کے مرید تھے۔ انتہائی ملنسار، وضع دار اور باغ و بہار شخصیت تھے۔ ملتان میں تمام مسالک کو متحد کر کے قیام امن کے لیے ہمیشہ کوشاں رہے۔

★ امیر مجلس احرار اسلام یونٹ بڑی بستی آرائیں جتوئی، استاد خدا بخش صاحب کے بڑے بھائی جناب خیر محمد مرحوم

★ جمعیت علماء اسلام ضلع چنیوٹ کے امیر مولانا عبدالوارث رحمتہ اللہ علیہ، انتقال: 28 ستمبر 2017ء

★ اسلام آباد میں ہمارے رفیق فکر جناب محمود الحسن میر کی والدہ ماجدہ مرحومہ، انتقال: ۷ محرم ۱۴۳۹ھ / 28 ستمبر 2017ء بروز جمعرات

★ مجلس احرار ٹب چوہان، رحیم یار خان کے جام یعقوب چوہان کے سسر جام محمد اسماعیل، انتقال: 21 ستمبر 2017ء

★ مجلس احرار اسلام خانپور کے قدیم کارکن چودھری عبدالجبار مرحوم، انتقال: 19 ستمبر 2017ء

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطا فرمائے۔

## دعاءِ صحت

● قائد احرار، ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ گزشتہ تین ماہ سے علیل ہیں

● حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ دو سال سے شدید علیل ہیں

● مدرسہ معمورہ ملتان کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی گزشتہ ایک سال سے شدید علیل ہے

● لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب طویل عرصے سے علیل ہیں

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعا فرمائیں، اللہ تعالیٰ انہیں شفا کاملہ عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com